07 August 2021

جلالپور آبپاشی منصوبہ کے تحت کمانڈ ایریا (نہری آبپاش رقبے) کی ترقی

اظہار دلچسپی برائے لیزر لینڈ لیولنگ کے لیے نجی خدمات فراہم کنندگان کی رجسٹریشن

حکومتِ پنجاب کی طرف سے جلالپور آبپاشی منصوبہ کے تحت جہلم اور خوشاب میں جلالپور نہر کی تعمیر جاری ہے جس کے آبپاش رقبہ کی ترقی و ترویج کے لیے سال **2019-20** تا **2022-23** کے دوران مجموعی طور پر **30,000** ایکڑ رقبے کی ہمواری زمین بذریعہ لیزر لینڈ لیولر کرنا مقصود ہے۔ جس کے لیے حکومت کی طرف سے کاشتکاروں کو فارم کی منصوبہ بندی، بہتر آبپاشی کے طریقوں کے لیے فنی ڈیزائننگ اور لیزر لینڈ لیولنگ کی آگاہی کے لیے مالی تعاون (زیادہ سے زیادہ **4,800** روپے فی ایکڑ یا تخمینہ لاگت کا 80 فیصد بشمول ٹیکسز جو بھی کم ہو) مہیا کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے لیزر لینڈ لیولنگ کی نجی خدمات فراہم کنندگان **(Service Providers)** کی ضرورت ہے۔

اس منصوبہ کے تحت درج ذیل شرائط پر پورا اترنے والے نجی خدمات فراہم کنندگان برائے لیزر لینڈ لیولنگ سے رجسٹریشن کے لیے درخواستیں مطلوب ہیں۔

(i) درخواست گزار صوبہ پنجاب کا رہائشی ہو۔

(ii) درخواست گزار ذاتی ٹریکٹر کا مالک ہو۔

(iii) کم از کم ایک مکمل لیزر لینڈ لیولنگ یونٹ بمعہ تمام ضروری سامان درست حالت میں موجود ہو

(iv) منصوبے کی حدود میں کاشتکاروں کو لیزر لینڈ لیولنگ کی معیاری خدمات فراہم کرنے پر متفق ہو۔

(v) قابل اطلاق ٹیکسز کی ادائیگی کے لئے انکم ٹیکس / پنجاب ریونیو اتھارٹی کے ساتھ رجسٹریشن کروانے پر رضامند ہو۔

(vi) درخواست دہندہ رجسٹریشن کی پروسیسنگ فیس مبلغ **2,000** روپے (ناقابلِ واپسی) بطور پے آرڈر / بینک ڈرافٹ بنام ناظم اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب، لاہور **(Director General Agriculture (Water Management) Punjab, Lahore)** درخواست کے ساتھ لف کرے۔ رجسٹریشن کی تجدید سالانہ کارکردگی کی بنیاد پر کی جائے گی۔

(vii) درخواست دہندہ کے لیے لازم ہے کہ حلف نامہ فراہم کرے کہ **(i)** درخواست گزار کی طرف سے فراہم کردہ تمام معلومات درست ہیں **(ii)** لیزر لینڈ لیولنگ خدمات فراہم کرنے کے لئے تربیت یافتہ آپریٹر موجود ہے **(iii)** ضرورت کے مطابق منصوبہ کے علاقے میں کہیں بھی خدمات فراہم کرے گا **(iv)** حکومت کی طرف سے سبسڈی کی رقم پر طے شدہ تمام قسم کے ٹیکس کی ادائیگی کا پابند ہو گا۔

منصوبہ کے تحت قائم کردہ ایک نامزد کمیٹی، درخواستوں / پیش کشوں کا درج بالا معیار کے مطابق جائزہ لے گی اور درخواستوں / پیش کشوں کو قبول / مسترد کرنے کا فیصلہ کرے گی۔ دلچسپی رکھنے والے خدمات فراہم کنندگان (جو شرائط پر پورا اترتے ہوں) کی طرف سے درخواستیں **(i)** ناظم اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی)، زراعت ہاؤس، 21 ڈیوس روڈ، لاہور **(ii)** ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاحِ آبپاشی)، سول لائنز بالمقابل سٹار بیکرز، گلشن ٹاؤن، جہلم **(iii)** ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت (اصلاحِ آبپاشی)، مکان نمبر 106، آفیسرز کالونی، مظفر گڑھ روڈ، جوہر آباد، خوشاب کے دفاتر میں دفتری اوقات کے دوران **23.08.2021** تک موصول ہونی چاہئیں۔ دلچسپی رکھنے والے خدمات فراہم کنندگان / مزید معلومات / وضاحت یا لیزر لینڈ لیولنگ کے تفصیلی طریقہ کار کو جاننے کے لئے زیر دستخطی کے دفتر یا ویب سائٹ **(www.ofwm.agripunjab.gov.pk)** سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

ناظم اعلیٰ زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب

زراعت ہاؤس 21-ڈیوس روڈ لاہور

فون: +92-42-99200703

فیکس: +92-42-99200702